# سروکس/اینڈومیٹریل
## کینسر کے مریض کی معلومات



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

کے ہوتے ہیں جس سے ان کی زندگی کو کم خطرات لاحق ہوتے ہیں۔ان میں سے زیادہ تر پرخوراک اور/یامائع کی باقاعدہ مقدار لینے سے قابو پایا جاسکتا ہے۔

بیس خواتین میں سے ایک میں زندگی کے لئے خطرناک اثرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ان میں پیچش، درد اور خون بہنا شامل ہیں۔

برائے مہربانی مثانہ اور مقعد سے متعلق تکلیف کے بارے میں ہماری ٹیم کو آگاہ کریں۔تاکہ آپ کا معائنہ کیا جاسکے اور بوقت ضرورت ماہر کی سفارش کی جاسکے۔

### فرج/شرم گاہ

جب ریڈیوتھیراپی کے بعد رحم کے ٹشوز مندمل ہونا شروع ہو جائیں تو خفیف داغ اور ورم بن سکتے ہیں۔فرج سے منسلک عضلات سخت ہوسکتے ہیں جس سے ان کی لچک میں کمی واقع ہوجاتی ہے۔ جس سے آپ کی شرم گاہ چھوٹی ہوجاتی ہے۔جس سے فالواپ کلنک میں فرج کا معائنہ اور ازدواجی تعلقات میں مشکل ہوسکتی ہے۔آپ کے علاج کے دوران آپ کی شرمگاہ کو کشادہ کرنے کے آلات لگائے جاتے ہیں تاکہ ورم اور زخم سے بچا جاسکے۔تاکہ آپ کا فرج/شرمگاہ جس طرح ممکن ہوسکے لچک دار رہے۔

### بیضہ دانیاں (حیض کی بندش سے قبل کی خواتین)

ریڈیوتھیراپی آپ کی بیضہ دانیوں کو متاثر کرے گی جس سے ان کا کام بند ہوسکتا ہے۔یہ مستقل اثر ہے جس کا مطلب ہے آپ بانجھ ہو جائیں گی (حمل کے قابل نہ ہونا) اور آپ کا جسم حیض کی دائمی بندش یا سن یاس میں چلا جائے گا۔اگر آپ کو ابھی بھی ماہواری جاری ہوتی ہے تو علاج کے دوران یا اس کے فوراًبعد آپ کا حیض آنا بند ہو جائے گا۔

### ہڈیاں

ریڈیوتھراپی سے آپ کی ہڈیوں کی کثافت متاثر ہوتی ہے۔اس کی وجہ سے ہڈیوں میں باریک بالوں کی طرح دراڑیں پڑ جائیں گی۔ یہ ریڈیوتھراپی علاج کے چند ہفتوں یا سالوں کے بعد ظاہر ہوسکتی ہے۔جس سے پیلوس میں مستقل درد واقع ہوسکتا ہے۔ان دراڑوں کو دواؤں، ورزش اور کیلشم سے بھرپور خوراک سے دور کیا جاسکتا ہے۔

بعض اوقات شدید درد ہوتا ہے اور باقاعدہ دوا کی ضرورت ہوتی ہے۔اگر آپ اپنے پیلوس میں درد محسوس کریں تو اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔تاکہ وہ مزید تحقیق کرسکیں۔

### ثانوی کینسر

ریڈیوتھراپی کے ساتھ بہت ہی حقیر خطرہ منسلک ہے جس میں کچھ سالوں بعد دوسرے کینسر کا خطرہ ہوتا ہے۔اس وجہ سے یہ بہت ضروری ہے کہ آپ باقاعدہ فالواپ معائنہ کے لئے آتے رہیں اور اپنے ڈاکٹر کو نئی علامات سے آگاہ کرتی رہیں۔

### کیموتھراپی

اگر ریڈیوتھراپی کے ساتھ ساتھ آپ کی کیموتھراپی کی جارہی ہو تو آپ کو پانچ خوراکیں دی جائیں گی۔ریڈیوتھراپی کے مرحلہ کے ساتھ ساتھ یہ ہفتہ میں ایک مرتبہ کی جائے گی۔

ہر مرحلہ سے پہلے آپ کی معالج ٹیم آپ کا دوبارہ معائنہ کرے گی اور آپ کے ہفتہ وار بلڈ ٹیسٹ بھی لئے جائیں گے۔اس سے ثابت ہوگا کہ کیا آپ کیموتھراپی کے اگلے سائیکل کو جاری رکھنے کے قابل ہیں۔

ڈاکٹر آپ کے ساتھ علاج کے عمل کی وضاحت کرے گی ۔ برائے مہربانی اسے احتیاط سے پڑھیں۔

### فالواپ ملاقاتیں

### ہسپتال کے دورے

ہسپتال میں آپ کی اپنے آنکالوجسٹ کے ساتھ آپ کی فالواپ ملاقاتیں ہوں گی۔پہلی ملاقات آپ کے آخری مرحلہ کے چار سے چھے ہفتوں بعد ہوگی۔

اس ملاقات میں آپ کی ڈاکٹر جائزہ لے گی اور آپ کی بہتری سے متعلق آپ کو آگاہ کرے گی۔ اور آپ سے جاری ضمنی اثرات کے بارے میں پوچھے گی اور آئندہ کی ملاقات کی منصوبہ بندی کرے گی۔

اگلے پانچ سال کے لئے باقاعدہ وقفوں سے آپ کا معائنہ کیا جائے گا۔ان ملاقاتوں میں ڈاکٹر آپ کی عمومی صحت اور خصوصی طور پر آپ کے مقعد اور مثانہ کے کام کے بارے میں سوالات پوچھے گی۔وہ آپ کا اندرونی معائنہ کریں گی۔وہ آپ کی نگہداشت کے بارے میں مستقبل کا لائحہ عمل طے کریں گی۔

اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو اسے ذیل میں درج کریں اور ملاقات میں ساتھ لے کر آئیں۔

## MISSION STATEMENT

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan.
Tel: 042 359 5000 | UAN: 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

## سروکس/اینڈومیٹریل کینسر کے مریض کی معلومات

آپ کے سروکل کینسر کے علاج کے لئے آپ کی ڈاکٹر متعدد طریقے استعمال کرسکتی ہیں۔اس میں ریڈیوتھیراپی، کیموتھراپی، بریکی تھیراپی اور سرجری شامل ہیں۔عموماً ان میں سے صرف ایک طریقہ استعمال کیا جاتا ہے لیکن کبھی کبھار ایک سے زائد طریقے استعمال کئے جاتے ہیں۔

ہر طریقہ انفرادی طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور ڈاکٹر ہی اس کی وضاحت کرے گی کہ کون سا علاج تجویز کیا جائے اور کتنے عرصہ کے لئے یہ علاج جاری رہے گا مزید برآں اس علاج سے جڑے خطرات اور فوائد سے بھی آگاہ کرے گی۔

چونکہ آپ کو سرویکل کینسر/ یوٹیرس کینسر کے لئے ریڈیوتھیراپی کا علاج تجویز کیا گیا ہے اس لئے آپ کو یہ مواد فراہم کیا گیا ہے۔متوقع صورت حال سے آگاہ کرکے ہم آپ کو لاحق ہونے والی تکلیفوں میں کمی کرنے کے لئے پرامید ہیں۔خاندان کے افراد اور دوست بھی اس کو مددگار پائیں گے۔

### ریڈیوتھیراپی کیا ہے؟

ریڈیوتھیراپی ایسا علاج ہے جس میں اعلیٰ طاقت سے بھرپور ایکس ریز کا استعمال کیا جاتا ہے۔یہ علاج لنیئر ایکسلیٹرز (Linacs) سے کیا جاتا ہے۔ریڈیوتھیراپی کا علاج روزانہ کی بنیاد پر ''وقفوں'' کی صورت میں کیا جاتا ہے۔ہر فرد کا علاج مختلف اور انفرادی منصوبہ بندی سے کیا جاتا ہے۔

### علاج کے لئے منصوبہ بندی/ تیاری

ریڈیوتھیراپی کے آغاز سے پہلے آپ کو منصوبہ بندی/ تیای کے لئے آنا ہوگا۔اس میں ریڈی تھیراپی ڈیپارٹمنٹ جانا ہوگا جس میں تھیراپی ریڈیوگرافر/ ڈاکٹر آپ سے پورے عمل کی وضاحت کرے گا اور کاغذی کارروائی کو مکمل کرے گا۔

پلاننگ/ تیاری میں آپ کا سی ٹی سکین (کمپیوٹرائزڈ ٹوموگرافی) بھی ہوگا۔

### پلاننگ کے لئے میں کیسے تیاری کروں؟

ہم یہ یقینی بنائیں گے آپ کے اندرونی اعضاء ہر علاج کے لئے بہتر حالت میں ہیں۔اس عمل کے لئے پلاننگ سکین سے پہلے آپ کو کچھ تیاری کرنا پڑے گی۔آپ کے علاج سے پہلے بھی تیاری کرنے کی ضرورت ہے۔

### مثانہ کی تیاری

سی ٹی سکین کے لئے آپ کو بھرے ہوئے مثانہ کی ضرورت ہے۔ریڈیوگرافر آپ کو 2 سے 4 کپ پانی پینے کو کہے گا اور سکین سے پہلے 30 منٹ تک انتظار کرے گا۔اس عرصے میں اپنے مثانہ کو خالی نہ ہونے دیں۔

### معدہ کی تیاری

سکین کے لئے آپ کا معدہ بالکل خالی ہونا چاہئے۔اپنے سکین کے دن جب آپ ملاقات کے لئے آئیں تو آپ صبح ہی رفع حاجت سے فراغت کی کوشش کریں۔

اپنی پلاننگ ملاقات کے وقت معدہ کو خالی کرنے کے لئے آپ کو اینیما بھی دیا جاسکتا ہے۔ریڈیو گرافر آپ کو اسے استعمال کرنے کے بارے میں بتائے گا۔علاج کے لئے آنے سے پہلے اگر آپ نے اپنا معدہ خالی کرلیا ہے تو پھر بھی ہر ریڈیوتھیراپی علاج کے لئے آپ کو روزانہ یہ عمل دہرانا ہوگا۔

### حمل ٹیسٹ

اگر علاج کے دوران آپ محسوس کریں کہ آپ حاملہ ہیں تو اس کے لئے بہت ضروری ہے کے عملہ کے رکن کو اس کے بارے میں فوری طور پر آگاہ کریں۔

### علاج کے لئے ملاقاتیں

### مجھے کتنی مرتبہ علاج کے لئے بلایا جائے گا؟

ڈاکٹر وضاحت کرے گا کہ آپ کے علاج کے لئے کتنے مراحل درکار ہیں۔آپ کے علاج میں پیر سے جمعہ تک عموماً روزانہ کی بنیاد پر عمل ہوتا ہے۔ریڈی ایشن کا شعبہ پلیننگ ملاقات میں ہی علاج کا عمل بتا دیتا ہے۔

**ہر مرحلہ کے لئے آپ کا آنا انتہائی ضروری ہے۔اگر آپ کو آنے میں دشواری ہو تو آپ ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔(برائے مہربانی رابطہ کی معلومات کے لئے کتابچہ کے آخر میں دیکھیں)**

### کیا مجھے علاج کے لئے تیاری کی ضرورت ہے؟

جب آپ علاج کی پلاننگ ملاقات کے لئے معدہ اور مثانہ کی تیاری کرکے آئے تھے بالکل اسی طرح سے آپ کو تیاری کرنا ہوگی۔

### کیا اس کے ضمنی اثرات ہیں؟

ریڈیوتھیراپی علاج کے دوران آپ کوئی تکلیف محسوس نہیں کریں گے تاہم علاج کے عرصہ کے دوران آپ کو ضمنی اثرات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

### معدی اثرات

جب ریڈیوتھیراپی سے آپ کا معدہ متاثر ہونے کی وجہ سے درج ذیل اثرات ہوسکتے ہیں:

- ✓ درد
- ✓ رفع حاجت میں جلدی کا احساس
- ✓ پیچش

کثیر مقدار میں مائع لینا اور اپنی عمومی خوراک لینا بہت ضروری ہے۔جب آپ کو معدہ میں کوئی تبدیلی محسوس ہو تو ڈاکٹر آپ کو مناسب ادویات کی تجویز دے سکتی ہے یا خوراک میں تبدیلی کا کہہ سکتی ہے۔

### مثانہ

ریڈیوتھیراپی سے آپ کو مثانہ میں بے چینی محسوس ہوسکتی ہے۔جس کی وجہ سے درج ذیل اثرات مرتب ہوسکتے ہیں:

- ✓ بیت الخلا میں جانے کی حاجت میں انتہائی اضافہ
- ✓ اپنے بلیڈر کو خالی کرنے کی جلدی
- ✓ ورم مثانہ کی طرح جلن کا احساس

اگر آپ ان میں سے کسی بھی قسم کی شکایت محسوس کریں تو ہم مشورہ دیتے ہیں کہ آپ کثیر مقدار میں مائع لیں اور اپنی معالج ٹیم کے رکن کے ساتھ رابطہ کریں۔

### فرج/شرم گاہ

آپ کے فرج/شرم گاہ میں بے چینی ہوسکتی ہے جس سے بے سکونی ہوسکتی ہے جیسا کہ جلن، سوزش اور تنگی وغیرہ۔آپ رحم کے اخراج میں زیادتی بھی محسوس کریں گی۔اگر یہ بہت زیادہ ہو اور/ یا اس کی ناقابل برداشت ہو تو برائے مہربانی معالج ٹیم سے رابطہ کریں۔پٹیوں، نسوانی دافع بدبو، پچکاری یا پاؤڈر کا استعمال مت کریں کیونکہ ان سے بے سکونی اور بے چینی بڑھ جاتی ہے اور بیماری لگ سکتی ہے۔

اگر آپ چاہیں تو آپ ازدواجی تعلقات جاری رکھ سکتے ہیں۔

### تھکاوٹ

اس علاج کے دوران اور بعد میں آپ تھکن اور معمول سے کم توانائی محسوس کریں گی۔یہ متوقع اثر ہے۔یہ اس وجہ سے ہے کہ آپ کا جسم معمولی خلیات کی توڑ پھوڑ کو بہتر کر رہا ہوتا ہے۔اپنے جسم کی سنیں اور جب آرام کرنا چاہیں تو آرام کریں۔

### کمزوری/ جی متلانا

پیلوس کی ریڈیوتھیراپی میں آپ کمزوری (متلی) محسوس کریں گی۔اگر آپ کمزوری محسوس کریں تو برائے مہربانی اپنی معالج ٹیم سے رابطہ کریں تاکہ ہم آپ کو تکلیف سے بچانے کے لئے مناسب دوا تجویز کرسکیں۔

پیٹ کے علاج سے آپ کمزوری (متلی) محسوس کرسکتی ہیں۔اگر آپ ان جگہوں کا علاج کروا رہے ہوں تو علاج سے پہلے آپ کو روزانہ کی بنیاد پر متلی سے بچاؤ کی دوا تجویز کی جائے گی۔

### جلدی حفاظت

ریڈیوتھیراپی کے علاج والی جگہ پر آپ کی جلد میں سوزش ہوسکتی ہے۔یہ سرخ، خشک اور زیادہ حساس ہوسکتی ہے۔لیکن یہ اثر صرف پیلوس کے اردگرد جلد پر ہوگا (جیسا کہ کمر اور ٹانگوں کے اوپری حصہ کے درمیان) جس کے لئے آپ کو کچھ محتاط ہونا پڑتا ہے۔باقی جسم کے لئے کوئی خاص حفاظتی اقدامات نہیں کرنا پڑتے۔

ریڈیوتھیراپی علاج کے آغاز سے دو سے تین ہفتے بعد آپ کی جلد پر اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔جو کہ حسب معمول ہوتا ہے۔تھیراپی کے مکمل ہونے کے کئی ہفتوں تک یہ اثر ہوتا رہتا ہے۔

### میں کس سے ضمنی اثرات سے متعلق بات کرسکتی ہوں؟

اپنی پہلی پلاننگ ملاقات پر ڈاکٹر ممکنہ ضمنی اثرات سے متعلق آپ سے بات کرے گی۔آپ معالج ٹیم کے رکن کی جانب سے ہفتہ وار جائزہ کلنک میں بھی دکھا سکتی ہیں۔اگر آپ کوئی ضمنی اثرات محسوس کر رہی ہوں تو اپنی معالج ٹیم کے ساتھ رابطہ رکھنا زیادہ اہم ہے۔

### ضمنی اثرات کتنے عرصے تک رہ سکتے ہیں؟

علاج ختم ہونے ہونے کے بعد ضمنی اثرات جاری رہتے ہیں یا کچھ عرصہ کے لئے مزید سخت ہو جاتے ہیں۔تاہم کچھ ہفتوں میں یہ بہتر ہو جاتے ہیں۔برائے مہربانی پریشان مت ہوں، کیونکہ یہ معمول کے مطابق ہیں۔اس عرصہ کے دوران آپ کو علاج کے دوران دی گئی تجاویز پر عمل جاری رکھیں۔اور جب تک ضمنی اثرات ختم نہ ہوں اس وقت تک اس کے لئے جاری کی جانے والی دوا کو جاری رکھیں۔

### طویل مدتی ضمنی اثرات کیا ہیں؟

ریڈیوتھیراپی کے ختم ہونے کے بعد طویل مدتی ضمنی اثرات مہینوں اور سالوں تک جاری رہتے ہیں۔ان تاخیری ضمنی اثرات کو جانچنا بہت مشکل ہے لیکن اگر یہ وقوع پذیر ہو جائیں تو یہ مستقل رہ سکتے ہیں۔ڈاکٹر ان تاخیری ضمنی اثرات کے امکانات کے بارے میں علاج کی رضامندی پر دستخط کے وقت وضاحت کرتی ہے۔

### معدہ اور مثانہ

پانچ خواتین میں سے ایک میں تاخیری اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ان میں سے اکثر معمولی نوعیت